URDU

Fairfax County Public Schools
8115 Gatehouse Road
Falls Church, VA 22042

مڈل اسکول کی تعلیمی ترقی کی رپورٹ – خاندان کیلئے تعارفی خط

عزیز والدین اور سرپرست:

آپ کے طالبعلم نے حال ہی میں تعلیمی ترقی کی اسیسمنٹس میں حصہ لیا ۔ ریاستی مقننہ اسکول ڈویژنوں سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ گریڈ 3-8 میں مطالعہ اور ریاضی میں تعلیمی سال کے اندر طالبعلموں کی ترقی اور پراگریس کی پیمائش کریں ۔ فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) iReady ریڈنگ ٹیسٹ اور تعلیمی پیشرفت کے اقدامات (MAP) ریاضی ٹیسٹ (https://www.fcps.edu/academic-screening-growth-and-diagnostic-tests) کا استعمال کرتے ہوئے مڈل اسکول گریڈ 6-8 میں طالبعلموں کی ترقی مانیٹر کرتا ہے ۔ iReady اور MAP کی اسیسمنٹس ورجینیا کے تعلیمی معیارات سے مطابقت رکھتی ہیں اور گریڈ کی سطح کی مہارتوں کی پیمائش کرتے ہیں ۔ طلباء اسکول کے سال کے دوران 3 بار یہ ٹیسٹ دیتے ہیں تاکہ اساتذہ ان کی مہارت میں پیش رفت دیکھ سکیں ۔

اس کور لیٹر کے ساتھ منسلک آپ کے طالبعلم کی iReady پڑھنے والی انفرادی ترقی کی رپورٹ ہے ۔ MAP رپورٹ کو سمجھنے کے لئے آپ کو اپنے طالبعلم کے MAP ریاضی ٹیسٹ کے نتائج کے لئے ایک علیحدہ اسٹوڈنٹ پراگریس رپورٹ بھی ملے گی ۔

منسلک ترقی کی رپورٹ اس تعلیمی سال سے آپ کے طالبعلم کے لئے تمام iReady نتائج کو ظاہر کرتی ہے ، جیسا کہ نیچے دی گئی تصویر میں دکھایا گیا ہے ۔ ہر ونڈو کے لئے ، آپ کے طالبعلم کی رپورٹ **(1)** نیلی بار اور **(2)** پلیسمنٹ لیول فراہم کرتی ہے جو بتاتی ہے کہ آپ کے طالبعلم نے **(3)** آن گریڈ سطح کی توقعات کے سلسلے میں مجموعی طور پر کس طرح کارکردگی کا مظاہرہ کیا ، جسے سبز رنگ کے طور پر دکھایا گیا ہے ۔ مزید برآں ، **(4)** قومی معیار پرسنٹائل اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ آپ کے طالبعلم کی کارکردگی کا قومی سطح پر ساتھیوں سے کس طرح موازنہ کیا جاتا ہے ۔ آخر میں ، **(5)** ڈومین ٹیبل دکھاتا ہے کہ آپ کے طالبعلم نے مخصوص مہارت کے شعبوں میں کس طرح کام کیا ۔ وہ طلباء جو FCPS 40 ویں پرسنٹائل بینچ مارک سے کم نمبر حاصل کرتے ہیں یا تشویش کے ڈومین شعبوں کو ظاہر کرتے ہیں ، ضرورت کے مطابق اضافی تشخیصی اسیسمنٹس اور ٹارگٹڈ مداخلت واصلاحات حاصل کرسکتے ہیں ۔



اپنے طالبعلم کی iReady اور MAP تعلیمی ترقی کی رپورٹس کا جائزہ لیتے وقت ، مندرجہ ذیل سوالات مدنظر رکھیئے:

- **میرا طالبعلم وقت کے ساتھ کس طرح ترقی کر رہا ہے؟** مقصد یہ ہے کہ آپ کے طالبعلم اپنی تعلیم میں ترقی کریں ۔ جب ایک طالبعلم کے پاس سال کے لئے ایک سے زیادہ ٹیسٹ کے نتائج ہوتے ہیں تو ، نیلی بار دکھاتی ہیں کہ کس طرح طالبعلم گریڈ کی سطح کی مہارت کے ساتھ بڑھ رہا ہے اور زیادہ اعلیٰ یا جدید تصورات کی تیاری کر رہا ہے ۔
- **اگر میرا طالبعلم گریڈ کی سطح کی توقع سے کم کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے تو کیا ہوگا؟** یہ بہت سی وجوہات کی بنا پر ہوسکتا ہے ، جیسے ٹیسٹ کے دن کے عوامل مثلاً تناؤ یا توجہ ہٹنا ۔ اساتذہ طالبعلم کی کارکردگی کو سمجھنے کے لئے متعدد ڈیٹا پوائنٹس کا استعمال کرتے ہیں اور ضرورت کے مطابق سیکھنے میں تیزی لانے کے لئے تدریسی معاونت کی منصوبہ بندی کرتے ہیں ۔ ایک ٹیسٹ کے اسکور سے زیادہ اہم یہ یقینی بنانا ہے کہ آپ کا طالبعلم سال کے آخر تک گریڈ کی سطح کی توقعات کو پورا کرنے یا اس سے آگے بڑھنے کے لئے سیکھتا اور پیش رفت کرتا رہے ۔
- **اگر میرے طالبعلم کا اسکور پچھلے ٹیسٹ سے کم ہوجائے تو کیا ہوگا؟** کم اسکور کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کے طالبعلم نے نہیں سیکھا یا مہارت کھو دی ۔ اسکور تناؤ ، توجہ ہٹنے ، یا کسی دوسری جگہ پر ٹیسٹ دینے جیسی چیزوں سے متاثر ہوسکتے ہیں ۔ اساتذہ طالبعلم کی ترقی کو سمجھنے کے لئے متعدد ڈیٹا پوائنٹس کا استعمال کرتے ہیں اور ضرورت کے مطابق سیکھنے کو تیز کرنے کے لئے تدریسی معاونت کی منصوبہ بندی کرتے ہیں ۔

گریڈ کی سطح کی توقعات اور ٹیسٹ کی مہارتوں کی وضاحت کے بارے میں مزید معلومات iReady ٹیسٹ انفارمیشن ویب پیج (https://www.fcps.edu/node/35282) اور MAP ٹیسٹ انفارمیشن ویب پیج (https://www.fcps.edu/node/50123) پر دستیاب ہیں ۔ اگر آپ کے پاس مطالعہ یا ریاضی میں طاقت اور ترقی کی ضرورت کے بارے میں سوالات ہیں تو، براہ مہربانی اپنے طالبعلم کے استاد سے رابطہ کیجیئے ۔ اگر آپ کا طالبعلم انگلش فار لینگوئج ڈیویلپمنٹ (ای ایل ڈی) خدمات سے استفادہ کرتا ہے تو ، ذہن میں رکھیے کہ iReady اور MAP ٹیسٹ انگریزی میں ہیں ۔ ان کی انگریزی زبان کی ترقی کے بارے میں معلومات کے لئے اپنے طالبعلم کے ESOL استاد سے رابطہ کیجیئے ۔